# کتاب برائے اساتذہ

## اردو

## ساتویں جماعت

# TEACHER TEXT
# URDU
# STD : VII

**GOVERMENT OF KERALA**
**DEPARTMENT OF EDUCATION**
**2024**

## یونٹ 1

# دیس سجائیں

### پیش لفظ

یہ ساتویں جماعت کی درسی کتاب کا پہلا یونٹ ہے۔اس یونٹ میں وطن کا جذبہ، دیس کے نشانات اور علامات کے بارے میں بیان ہے ۔ ہماری ریاستی تہذیب و ثقافت ریاست کیرلا کے مختلف فنون اور پیداواروں کے بارے میں بھی بچوں کو آگاہ کرتے ہیں۔ دیس کے مختلف تہواروں کے بارے میں چرچا کر کے دوسروں کے ساتھ باہمی اتحاد واتفاق برقرار رکھنا بھی اس کا مقصد ہے۔اس یونٹ میں نظم، کہانی، تقریر وغیرہ ڈسکورسس ہیں۔

مختلف ڈسکورس کے ذریعے جملوں کی تراکیب، روزمرہ کا استعمال ، حروف ربط وعطف ، لسانی اجزا وغیرہ کے بارے میں بھی بچوں کو واقف کرتے ہیں۔ پیار و محبت، باہمی تعاون، حبِ وطن، مختلف تہذیب وثقافت کی تعظیم جیسے اقدار اور رویے بھی اس یونٹ کے ذریعہ حاصل ہوتے ہیں۔

اس یونٹ میں چار موڈیول ہیں۔

1) خدا کی اپنی بستی (نظم)
2) دوستی (کہانی)
3) جشنِ آزادی (تقریر)
4) پیارا وطن (نظم)

Draft

Draft

# UNIT 1

## دیس سجائیں

موڈیول : خدا کی اپنی بستی

ڈسکورس : نظم

**آموزشی مقاصد:**

ریاستِ کیرلا کے لیے اپنی ایک تہذیب ہے۔

ریاستِ کیرلا کے لیے خاص مختلف فنون اور تہوار ہیں۔

کیرلا سے متعلقہ چھوٹی نظمیں سن کر اور پڑھ کر لطف اندوز ہوتا ہے۔

موضوع سے متعلقہ چھوٹی نظمیں ترنم کے ساتھ پیش کرتا ہے۔

موضوع سے متعلقہ نظمیں سن کر اور پڑھ کر نوٹ تیار کرتا ہے۔

موضوع سے متعلقہ نظمیں سن کر اور پڑھ کر مطلب سمجھتا ہے اور اپنے الفاظ میں لکھتا ہے۔

اشاروں کی مدد سے موضوع سے متعلقہ اشعار تیار کرتا ہے۔

موضوع سے متعلقہ مماثل نظمیں جمع کر کے ترنم کے ساتھ پیش کرتا ہے۔

مختلف پہیلیاں سن کر اور پڑھ کر سمجھتا ہے اور پہیلیاں تیار کرتا ہے۔

باہمی تعاون، آپس میں محبت، فنون سے محبت، وغیرہ اقدار اور رویہ سے آگاہ ہوتا ہے۔

**تعلیمی سرگرمیاں اور حکمتِ عملیاں**

کیرلا سے متعلقہ چھوٹی نظمیں سن کر اور پڑھ کر لطف اندوز ہونا۔

موضوع سے متعلق چھوٹی نظمیں ترنم کے ساتھ گانا۔

موضوع سے متعلقہ نظمیں سن کر اور پڑھ کر نوٹ تیار کرنا۔

موضوع سے متعلقہ نظمیں سن کر اور پڑھ کر مطلب اپنے الفاظ میں لکھنا۔

اشاروں کی مدد سے موضوع سے متعلقہ اشعار تیار کرنا۔

موضوع سے متعلقہ مماثل نظمیں جمع کرنااور ترنم کے ساتھ پیش کرنا ۔
مختلف پہیلیاں بوجھنااور پہیلیاں تیار کرنا ۔

## وسائلِ تعلیم

نظم کا چارٹ　　　مختلف فنون اور پیداواروں کی تصویریں
زیرو پیج کی تصویر　　PPT ICT
کالی مرچ　　　موڈیول کی تصویر
قومی نشانیوں کی تصاویر

## تخلیقات

ترنّم کے ساتھ نظم خوانی　　　کیرلا کی پیداواروں کی فہرست اور نوٹ
ریاستی نشانیوں کی فہرست　　　کیرلا کے فنون اور ندیوں کی فہرست
کیرلا کے بارے میں نوٹ　　　کیرلا کے متعلقہ اشعار
مماثل نظمیں　　　نظم کا مطلب　　　مختلف پہیلیاں

وقت　　:　　10پریڈ

## پیش کش

ٹیچر مادری زبان کی نظم چارٹ پر نمائش کرے اور ترنّم کے ساتھ پیش کرے۔

جیسے :

തെക്കു തെക്കൊരു ദേശത്ത്
അറബിക്കടലിൻ തീരത്ത്
കേരം തിങ്ങും നാടുണ്ട്
കേരളമെന്നൊരു നാടുണ്ട്
തുഞ്ചൻ പിറന്നൊരു നാടാണേ
കുഞ്ചൻ ജനിച്ചൊരു നാടാണേ
മലകൾ നിറയും നാടാണേ
പുഴകൾ ഒഴുകും നാടാണേ
ഹിന്ദു മുസൽമാൻ ക്രിസ്ത്യാനിയും



Draft

ഒത്തൊരുമിക്കും നാടാണേ
കേളിയെഴുന്നൊരു നാടാണേ
ഇത് ദൈവത്തിൻ സ്വന്തം നാടാണ്
ഇത് ദൈവത്തിൻ സ്വന്തം നാടാണ്

ٹیچر چند تفہیمی سوالات پوچھے۔

جیسے: یہ نظم کس کے بارے میں ہے؟ کیرلا میں کیا کیا ہیں؟

تنجن اور کنجن کون ہیں؟ کنجن اور تنجن کہاں پیدا ہوئے؟

کیرلا کے لوگ کیسے رہتے ہیں؟

بچے جواب دیں اور ٹیچر تختِ سیاہ پر لکھے اور بار بار پڑھے۔

ٹیچر زیرِ و پیج کی تصویر دکھائے اور چند سوال کرے۔

جیسے: تصویر میں کیا کیا ہیں؟ آپ نے کیا کیا فن دیکھا ہے؟ آپ کا پسندیدہ فن کون سا ہے؟

بچے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے۔

| |
|---|
| اوپنہ، کتھا کلی، کول کلی، عربنہ، پلی کلی |

ٹیچر موڈیول 'خدا کی اپنی بستی' نظم چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے۔

تحتِ لفظی پڑھ کر سنائے۔

بچوں سے انفرادی طور پر ترنم کے ساتھ پیش کرنے کو کہے۔

چند بچّے نظم کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

بچوں کو مختلف فنون کے نام پر گروہ کرے۔

جیسے: اوپنہ، کتھا کلی، مارگم کلی، چاکیار کوت

گروہ میں نظم مختلف ترنم اور طرزوں میں پیش کرنے کا موقع دیں۔

ہر گروہ ترنم سے پیش کرے۔ ٹیچر بچے کی نظم خوانی کا جائزہ لے۔

| اشارہ برائے |
| --- |
| صحیح لب لہجہ، ترنم اور طرز و آہنگ، پیش کش کی خوبی، مطلب فہمی کے ساتھ |

☆ ٹیچر چند سوالات چارٹ پر لکھ کر نمائش کریں۔

جیسے : ہماری ریاست کا نام کیا ہے؟ کیرلا کیسا ہے؟

کیرلا کی ندیاں کیسی ہیں؟ کیرلا کے چند پیداواروں کے نام لکھیے؟

کیرلا کے لوگ کیسے ہیں؟

بچوں کو سوالوں کے جواب لکھنے کی ہدایت کرے۔

بچے انفرادی طور پر جواب لکھیں، اور چند بچے کلاس میں پیش کریں ٹیچر جائزہ لے۔

گروہ چرچا کے ذریعے تیار شدہ جواب کو بہتر بنائیں۔ کلاس میں پیش کریں ٹیچر جائزہ لے۔

تیار شدہ جواب ٹیچر کی مدد سے اور بھی بہتر بنا کے 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

ٹیچر اشعار چارٹ پر نمائش کرے۔

ہندوستاں پیارا ہے کیرل سب سے نیارا ہے
کیسی پیاری پیاری ہیں ندیاں اجلی ستھری ہے

ٹیچر ترنم سے سنائے۔ بچے بھی ساتھ دہرائیں۔

ٹیچر چند سوال کرے۔

کیرلا کی ندیاں کیسی ہیں؟ کیرلا میں کتنی ندیاں ہیں؟

بچے جواب دیں ٹیچر چارٹ کرے۔

☆ ٹیچر بچوں سے کہے کیرلا میں اور بہت سی ندیاں بہتی ہیں۔ چند ندیوں کے نام لکھیے۔

بچے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے۔

ناریل اور سپاری ہیں چائے، کاجو، نیاری ہیں

ہری بھری ہریالی ہے ہر جا یہ خوش حالی ہے

ٹیچر اشعار چارٹ پر نمائش کرے اور پڑھ کر سنائے۔

اور چند سوال کرے۔

کیرلا میں کون کون سے پیداوار ہیں؟

بچے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے۔ ٹیچر اصلی کالی مرچ بچوں کو دکھائے اور چند سوال کرے۔

یہ کیا ہے؟ اس کا رنگ کیا ہے؟

یہ کس کے لیے استعمال ہوتے ہیں؟ اس کا ذائقہ کیسا ہے؟

بچے جواب دیں ٹیچر چارٹ کرے۔

پڑھنے کا موقع دے۔ ٹیچر جائزہ لے۔

ٹیچر بچوں سے کہے کیرلا میں اسی طرح اور کئی پیداوار ہیں۔ کیا کیا ہیں؟

آپ کا پسندیدہ پیداوار کون سا ہے؟ کیوں؟ ایک نوٹ لکھنے کی ہدایت کرے۔

بچے جواب دیں ٹیچر چارٹ کرے۔ بچوں سے پڑھنے کی ہدایت کرے۔

بچے انفرادی طور پر جواب لکھیں اور چند بچے کلاس پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

بچوں کو مختلف پیداواروں کے نام پر گروہ کرے۔

جیسے : سپاری، کاجو، ہلدی، ادرک، الائچی، کالی مرچ

گروہ چرچا کے ذریعے بہتر بنا کے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے

ٹیچر ویرشن کی مدد سے بچے اپنے تیار شدہ نوٹ بہتر بنائیں اور 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔

☆ ٹیچر بچوں کو مختلف تصاویر دکھائے (توتا، پپیہا، کٹھل، ہاتھی، ناریل، املتاس، گلاب، بکری، انار) ان کے نام بتانے کو کہے۔

بچے جواب دیں ٹیچر تختِ سیاہ پر لکھے۔

بچوں سے پوچھے کہ ہمارا ریاستی پھل کون سا ہے؟

بچے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے۔

کٹھل ہمارا ریاستی پھل ہے۔

اور بچوں سے اسی طرح ہمارے ریاستی پھول، جانور، پیڑ اور پرندہ کے نام لکھ کر فہرست تیار کرنے کو کہے

بچے انفرادی طور پر لکھیں چند بچے کلاس میں پیش کریں ٹیچر جائزہ لے۔

☆ ٹیچر نظم 'خدا کی اپنی بستی' کے دو اشعار چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے۔

آپس میں نہ لڑتے ہیں — مل جل کر ہی رہتے ہیں
کیرل میں جو بستے ہیں — پیارے پیارے ہوتے ہیں

ٹیچر سوال کرے۔ جیسے : کیرلا کے لوگ کیسے رہتے ہیں؟

اس اشعار کی روشنی میں ایک نوٹ لکھنے کی ہدایت کرے۔

بچے انفرادی طور پر نوٹ لکھیں اور چند بچے کلاس میں پیش کریں ٹیچر جائزہ لے۔

بچوں کو ریاستی نشانات پر گروہ کریں۔

Draft

کٹھل، ناریل، پپیہا، املتاس، ہاتھی وغیرہ

گروہ چرچا کے ذریعے ٹیچر کی مدد سے تیار کردہ نوٹ بہتر بنائیں۔

ہر ایک گروہ کلاس میں پیش کرے۔ ٹیچر جائزہ لے۔

ٹیچر بھی ایک نوٹ لکھ کر کلاس میں نمائش کرے۔

بچے اور بھی بہتر بنا کے میری پیاری کتاب میں لکھیں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

☆ ٹیچر بچوں کو نظم کے اشعار بانٹ دے۔ اشعار کے مطلب لکھنے کی ہدایت کرے

بچے انفرادی طور پر تیار کریں۔ چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

ملے ہوئے اشعار کے متعلق گروہ کرے۔

بچے گروہ چرچا کے ذریعے تیار کردہ مطلب ٹیچر کی مدد سے بہتر بنائیں۔

ہر گروہ کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

ٹیچر بھی نمونے کے طور پر نظم کا مطلب چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے۔ ان کی مدد سے اور بھی بہتر بنا کے 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔ ٹیچر جائزہ لے۔


کیرل ہندوستان کا پیاری اور نیاری ریاست ہے۔ کیرلا کی ندیاں بہت اجلی ستھر ہیں۔ یہ ندیاں کتنی پیاری پیاری ہیں۔ کیرلا میں ناریل سپاری چائے اور کاجو وغیرہ کے مختلف اہم پیداوار ہیں۔ کیرلا کے ہر جگہ ہریالی اور خوش حالی ہیں۔ یہاں کے لوگ پڑھنے لکھنے اور محنت کرنے میں آگے ہیں کیرلا کے لوگ ہر جگہ میں آتے جاتے ہی کام کر کے روزی کماتے ہیں۔ کیرلا کے لوگ آپس میں نہیں لڑتے ہیں مل جل کر ہی رہتے ہیں۔ کیرلا میں بسنے والے لوگ بہت پیارے پیارے ہیں۔

☆ ٹیچر بچوں کو اس نظم کے ہم آواز الفاظ لکھنے کی ہدایت کرے۔

جیسے : ہریالی خوش حالی

بچے جواب دیں۔
کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے
ٹیچر تختِ سیاہ پر لفظ 'کیرلا' لکھے اور بچوں سے کیرلا سے تعلق رکھنے والے الفاظ کہنے کی ہدایت کرے۔

جیسے :




بچے جواب دیں ٹیچر چارٹ کرے اور بچوں کو پڑھنے کا موقع دے۔
بچوں سے ان الفاظ کی مدد سے اشعار تیار کرنے کو کہے۔
بچے انفرادی طور پر اشعار تیار کریں۔ چند بچے کلاس میں پیش کریں۔
ٹیچر جائزہ لے۔ بچوں کو گروہ کریں۔
بچے تیار کردہ اشعار چرچا کے ذریعے اور ٹیچر کی مدد سے بہتر بنائیں۔
ہر ایک گروہ کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔
ٹیچر بھی ایک نمونہ کے طور پر کلاس میں پیش کرے۔

Draft

ان کی مدد سے بچے اور بھی بہتر بنا کے 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

| | |
|---|---|
| کیرل کتنا اچھا ہے | کیرل کتنا سندر ہے |
| کیرل کتنا پیارا ہے | کیرل کتنا نیارا ہے |
| اونچے اونچے پربت ہیں | ندی نالے بہتی ہیں |
| ہندو مسلم رہتے ہیں | کیرل میں ہم رہتے ہیں |

☆ ٹیچر مادری زبان میں ایک پہیلی بوجھے۔ جیسے:

മുള്ളുണ്ട് മുരിക്കല്ലാ പാലുണ്ട് പശുവല്ല

بچے جواب دیں ٹیچر تختِ سیاہ پر لکھے۔

ٹیچر درسی کتاب کی پہیلی چارٹ پر نمائش کرے اور پڑھ کر سنائے۔

بچے جواب دیں ٹیچر چارٹ کرے۔ ٹیچر ہاتھی کی تصویر دکھائے اور سوال کرے۔

اس کی خصوصیت کیا کیا ہیں؟

بچے جواب دیں ٹیچر تختِ سیاہ پر لکھے۔

ان خصوصیات کی مدد سے ہاتھی کے بارے میں ایک پہیلی تیار کرنے کو کہے۔ بچے انفرادی طور پر تیار کریں۔

چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

گروہ چرچا کے ذریعے بہتر بنائیں ہر گروہ کلاس میں پیش کرے ٹیچر جائزہ لے۔

Draft

☆ ٹیچر فنون کے بارے میں لکھے ہوئے اشعار چارٹ پر نمائش کرے اور پڑھ کر سنائے اور چند سوال کرے۔

کتھاکلی، جہازرانی، پلی کلی، اور اوپنہ
کیرلا کے فن ہیں یارو کول کلی اور عربنہ
شاعروں کی کمی نہیں ہے ساحروں کی ہے قطار
کنچن، تنچن، پونتانم، ایم ٹی موئن کٹی سرور

اشعار میں کیرلا کے چند فنون کے نام ہیں؟ لکھنے کو کہے۔ بچوں کو پڑھنے کا موقع دے۔
انفرادی طور پر جواب لکھیں اور کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔
☆ ٹیچر گوشہء مطالعہ میں کیرلا سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی مماثل نظمیں فراہم کرے۔
بچے گوشہء مطالعہ کی مدد سے کیرلا سے متعلقہ مماثل نظمیں جمع کریں اور میرا گلشن میں لکھیں اور ترنم کے ساتھ کلاس میں پیش کریں، ٹیچر جائزہ لے۔

موڈیول 2:　　　　دوستی (کہانی)

## آموزشی مقاصد:

ریاستِ کیرلا کے لیے خاص فنون اور تہوار ہیں۔
ریاستِ کیرلا کے لوگ آپس میں پیار و محبت امن اور اتحاد کے ساتھ مل جل کر رہتے ہیں۔
مختلف تہواروں سے متعلقہ چھوٹی کہانیاں سن کر اور پڑھ کر کہانی کا مرکزی خیال سمجھتا ہے۔
موضوع سے متعلقہ چھوٹی کہانیاں فطری انداز میں پیش کرتا ہے۔
موضوع سے متعلقہ کہانیاں سن کر اور پڑھ کر کردار پر نوٹ لکھتا ہے۔
موضوع سے متعلقہ کہانی پڑھ کر نوٹ لکھتا ہے اور موضوع سے متعلقہ مماثل کہانیاں جمع کرتا ہے، فطری انداز میں پیش کرتا ہے۔
آپس میں پیار و محبت، باہمی تعاون، تہذیب و تمدّن، دوستی امن اور اتحاد کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

## تعلیمی سرگرمیاں اور حکمتِ عملیاں

مختلف تہواروں سے متعلقہ کہانیاں سن کر اور پڑھ کر مرکزی خیال سمجھنا۔
موضوع سے متعلقہ چھوٹی کہانیاں سن کر اور پڑھ کر فطری انداز میں پیش کرنا۔
موضوع سے متعلقہ کہانیاں سن کر اور پڑھ کر کردار پر نوٹ لکھنا۔
موضوع سے متعلقہ کہانی پڑھ کر نوٹ لکھنا۔
موضوع سے متعلقہ کہانیاں جمع کرنا اور فطری انداز میں پیش کرنا۔

## وسائلِ تعلیم

کہانی کا چارٹ　　　　PPT ICT

Draft

مختلف تہواروں کی تصویریں اور ویڈیو

پکوانوں کے سلائیڈ موڈیول کی تصویر

**تخلیقات**

مختلف پکوان کی فہرست۔ کردار پر نوٹ

تہواروں کی فہرست اور نوٹ مماثل کہانیاں

روزمرے کا استعمال کرتے ہوئے جملے

وقت ۱۰ پیریڈ

**پیش کش**

ٹیچر اونم کے ایک ویڈیو دکھائے اور چند سوال کرے۔

جیسے : یہ کون سا تہوار ہے؟ اونم کہاں کا تہوار ہے؟

اونم کے دن ہم کیا کیا کرتے ہیں؟ اونم کس کی یاد میں منایا جاتا ہے؟

بچے جواب دیں، ٹیچر چارٹ کرے۔

ٹیچر بچوں کو موڈیول کی تصویر دکھائے اور چند سوالات کرے۔

تصویر میں کیا کیا ہیں؟ بچے کیا کر رہے ہیں؟

اس میں کون کون سی تہواروں کی تصویریں ہیں؟

آپ کون کون سی تہواریں مناتے ہیں؟ کیرلا کے تہوار کون کون ہیں؟

بچے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے اور پڑھنے کا موقع دے۔

ٹیچر کہانی 'دوستی' فطری انداز میں پیش کرے اور چند سوالات کرے۔

جیسے : شاکرہ کہاں اداس بیٹھی ہے؟ شاکرہ سے شرما جی نے کیا پوچھا؟

شرماجی کی بیٹی کا نام کیا ہے؟ شاکرہ کس جماعت میں پڑھتی ہے؟
شاکرہ دیوالی کے دن کس کے گھر گئی؟
لتا کے گھر سے شاکرہ کو کیا کیا پکوان ملا؟
شاکرہ کے گھر میں کون کون آئے؟ شاکرہ کے گھر میں کیا کیا پکوان تھے؟

بچوں کو موڈیول پڑھنے کا موقع دے۔
بچے انفرادی طور پر خاموش مطالعہ کے ذریعے سوال کا جواب ڈھونڈ نکالیں اور تیار کریں۔
چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔
☆ ٹیچر بچوں سے اور چند سوال کرے۔
جیسے: شاکرہ گھر کے سامنے اداس بیٹھی ہے کیوں؟
دیوالی کے دن شاکرہ لتا کے گھر گئی تو اس کو بڑا مزہ آیا۔ کیوں؟
" فکر مت کرو بیٹی! کل میری بیٹی لتا آنے والی ہے"
یہ سن کر شاکرہ کیا کیا سوچا ہوگا؟ لکھیے؟

بچوں سے کہانی ایک بار بھی پڑھ کر انفرادی طور پر سوالوں کے جواب لکھنے کی ہدایت کرے۔
بچے جواب لکھیں چند بچے کلاس میں پیش کریں ٹیچر جائزہ لے۔
بچوں کو مختلف تہواروں کے نام پر گروہ کرے۔
جیسے: ہولی، دیوالی، عید، کرسمس
گروہ میں تیار شدہ جوابات چرچا کے ذریعے بہتر بنائیں۔ ہر گروہ پیش کریں۔
ٹیچر بھی ایک نمونہ پیش کرے اس کی مدد سے اور بھی بہتر بنا کے میری پیاری کتاب میں لکھیں۔ ٹیچر جائزہ لے۔
☆ ٹیچر مختلف پکوانوں کی سلائیڈ دکھائے اور چند سوال کرے۔

سلائیڈ میں کون کون سا پکوان ہیں ؟

ان میں سے آپ کا پسندیدہ پکوان کون سا ہے ؟

آپ کے گھر میں کون کون سے پکوان بناتے ہیں ؟

بچے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے۔

ٹیچر بچوں سے پکوانوں کی فہرست تیار کرنے کی ہدایت کرے۔

بچے انفرادی طور پر تیار کریں چند بچے کلاس میں پیش کرے۔ ٹیچر جائزہ لے۔

☆ مکالمہ پہچان کر کردار پر نوٹ تیار کرنا۔

ٹیچر کہانی کے دو تین مکالمے چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے۔ جیسے :

"یہ سون پاپڑی اور یہ شکر پارے" "یہ بیسن کے لڈو ہیں"

"میں کس کے ساتھ کھیلوں ؟ چاچا"

"ارے بیٹی ! عید کے دن روتے نہیں، خوش ہوتے ہیں"

بچوں سے چند سوال کرے۔

یہ مکالمہ کس نے کس سے کہا؟

آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے ؟ کیوں ؟

پسندیدہ کردار کے بارے میں نوٹ لکھنے کی ہدایت کرے۔

انفرادی طور پر جواب لکھیں۔ چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

ٹیچر بچوں کو پکوانوں کے نام پر گروہ کرے۔

جیسے : لڈو، بریانی، جلیبی، پلاؤ، کیسری وغیرہ

بچے گروہ میں تیار کردہ جواب ٹیچر کی مدد سے بہتر بنائیں ایک ایک گروہ کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ کرے ٹیچر نمونے کے طور پر نوٹ کلاس میں نمائش کرے۔ اس کی مدد سے بچے اپنے اپنے نوٹ بہتر بنا کر 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں اور ٹیچر جائزہ لے۔

| |
|---|
| اس کہانی میں میرا پسندیدہ کردار شرما جی ہے۔ دکھی ہوئی شاکرہ کو تسلی دینے کے لیے شرما جی کی بیٹی کو شاکرہ کے گھر لے گئی۔ دیوالی کا وقت شاکرہ کو ان کے گھر لے گئی اور کئی پکوان دے کر خوشی کر دیا۔ عید کے دن لتا کو شاکرہ کے گھر لے گیا تہواروں میں شرکت دینے کا موقع مل گیا |

☆ ٹیچر بچوں سے پوچھے کہ آپ اس طرح کوئی تہوار میں شرکت کی ہے؟
مل جل کر تہوار منانے سے کیا کیا فائدے ہیں؟
بچے اپنی اپنی رائے پیش کریں۔ ٹیچر چارٹ کرے۔
لتا اور شاکرہ عید اور دیوالی مل جل کر منائیں ان کی کہانی سے کیا پیغام ملا؟
بچے انفرادی طور پر جواب لکھیں چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔
بچے اپنی اپنی رائے لکھیں اور چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔
گروہ چرچا کے ذریعے تیار کردہ جملے بہتر بنائیں۔ ہر گروہ کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے
ٹیچر دو تین جملے (پیغام) چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے ان کی مدد سے بچے اپنے اپنے جملے بہتر بنا کر 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

| |
|---|
| دوسروں کی مدد کرنا ہمارا فرض ہے۔ مختلف تہوار مل جل کر منانا چاہیے۔ |

Draft

اس سے پیار و محبت بڑھ جاتا ہے۔ دوسروں کی تہذیب سمجھنے کی موقع ملتا ہے۔
آپس میں خوشی ملتی ہے۔

☆ ٹیچر بچّوں کو کئی تہواروں کی ویڈیو دکھائے اور چند سوال کرے۔

ویڈیو کس کے بارے میں ہے؟

ہم کون کون سے تہوار مناتے ہیں؟

بچے جواب دیں ٹیچر چارٹ کرے۔ بچوں کو پڑھنے کا موقع دے۔

بچّوں کو کیرلا میں منانے والی پسندیدہ تہوار کے بارے میں ایک نوٹ لکھنے کی ہدایت کرے۔

بچے انفرادی طور پر نوٹ لکھیں اور چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

بچوں کو مختلف تصویری کارڈ دے ان کے نام پر گروہ کرے

بچے گروہ میں چرچا کر کے تیار شدہ نوٹ بہتر بنائیں۔ ہر ایک گروہ کلاس میں پیش کریں

ٹیچر جائزہ لے

ٹیچر ایک نوٹ لکھ کر کلاس میں نمائش کرے

ٹیچر ویرشن کی مدد سے بچے اپنی تخلیق اور بھی بہتر بنا کے 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔

ٹیچر جائزہ لے

☆ ٹیچر گوشہ ءمطالعہ میں مختلف تہواروں سے متعلقہ کہانیاں فراہم کرے۔

بچوں سے کہے کہ گوشہ ءمطالعہ کی مدد سے چھوٹی چھوٹی کہانیاں جمع کر کے 'میرا گلشن' میں لکھیں۔

پسندیدہ کہانی فطری انداز میں کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

| اشارے برائے جائزہ | | | |
|---|---|---|---|
| جذبات | اظہارِ خیالات | فطری طرزِ ادا | آواز کی اتار چڑھاؤ |
| اداکاری | | | |

☆ ٹیچر چند روزمرہ الفاظ چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے۔ پڑھنے کی ہدایت کرے۔

جگ مگ جگ مگ　　ادھر ادھر　　طرح طرح،　　چپ چاپ

بچوں سے ان الفاظ کی مدد سے چند جملے تیار کرنے کو کہے۔
بچے انفرادی طور پر لکھیں چند بچے کلاس میں پیش کریں۔
مختلف جملے کلاس میں نمائش کرے پڑھنے کا موقع دے۔
ٹیچر بھی ایک دو جملے نمائش کرے۔

جیسے :　تارے جگ مگ کر رہے ہیں　　لوگ ادھر ادھر دوڑ رہے ہیں

موڈیول　۳　جشنِ آزادی　(تقریر)

## آموزشی مقاصد

دیس کے ہر ایک فرد کو اپنے وطن سے محبت کرنا اور وفاداری نبھانا ضروری ہے۔
اسکول اور سماج کے ذریعے حبِّ وطن کا جذبہ حاصل ہوتا ہے۔
موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی تقریر سن کر اور پڑھ کر مفہوم سمجھتا ہے۔
محل و موقع کے لحاظ سے آداب والقاب کے ساتھ چھوٹی تقریر فطری انداز میں پیش کرتا ہے۔
مختلف مجاہدین آزادی کی تصویریں جمع کرتا ہے اور البم تیار کرتا ہے۔

موضوع سے متعلقہ نوٹ تیار کر کے تقریر کرتا ہے۔

حبِّ وطن، پیار و محبت، احترام اور تعظیم وغیرہ اقدار و رویہ سے آگاہ ہوتا ہے۔

## تعلیمی سرگرمیاں / حکمتِ عملیاں

محل و موقع کے مطابق محل و موضوع سے متعلقہ تقریر سن کر اور پڑھ کر مفہوم سمجھنا۔

آداب والقاب کے ساتھ تقریر فطری انداز میں پیش کرنا۔

چھوٹی تقریری نوٹ تیار کرنا اور تقریر پیش کرنا۔

مجاہدین آزادی کی تصویر جمع کر کے البم تیار کرنا۔

حبِّ وطن، پیار و محبت، احترام اور تعظیم وغیرہ اقدار و رویہ سے آگاہ ہوتا ہے

## وسائلِ تعلیم

| | | |
|---|---|---|
| مجاہدینِ آزادی کی تصویریں | قومی لیڈروں کی تصاویر | ICT، PPT |
| مختلف جھنڈے | موڈیول کی تصویر | اردو کلینڈر |

## تخلیقات

| | |
|---|---|
| لیڈروں کا البم | تقریری نوٹ |
| خاص دنوں کی فہرست | مجاہدینِ آزادی پر نوٹ |
| قومی جھنڈے کے نوٹ | وطن پر نوٹ |

وقت ۹ پریڈ

## پیش کش

ٹیچر بچوں کو تقریر کا ویڈیو دکھائے اور چند سوال کرے

Draft

جیسے:   یہ تصویر کس موضوع پر ہے؟   کون تقریر کرتا ہے؟

بچے جواب دیں ٹیچر چارٹ کرے۔

ٹیچر بچوں کو موڈیول کی تصویر دکھائے اور چند سوال کرے۔

تصویر میں کیا کیا ہیں؟   تصویر میں کون کون ہیں؟

نہرو کیا کر رہے ہیں؟   نہرو کون تھے؟

لال قلعہ میں کس موقع پر قومی جھنڈا لہراتے ہیں؟

بچے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے۔ پڑھنے کا موقع دے۔

ٹیچر موڈیول جشنِ آزادی فطری انداز میں پیش کرے اور چند سوال کرے۔

یومِ آزادی کس دن منایا جاتا ہے؟   ہندوستان کب آزاد ہوا؟

ہمارے قومی لیڈروں کے نام کیا کیا ہیں؟   ہندوستان میں لوگ کیسے رہتے ہیں؟

کیرلا کے رہنماؤں کے نام بتایئے؟

آزاد ہند کے پہلے وزیرِ تعلیم کون تھے؟

بچے جواب دیں ٹیچر چارٹ کرے۔

☆ ٹیچر بچوں سے اور چند سوال کرے۔

۱۵/اگست کے دن ملک کے کونے کونے میں یومِ آزادی منایا جاتا ہے۔ کیوں؟

ہمارے ملک انگریزوں سے کس طرح آزاد ہوا؟

ہیڈ ماسٹر کی تقریر سننے کے بعد بچوں نے کیا کیا سوچا ہوگا؟

بچے ایک بار بھی موڈیول پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیں۔

بچے انفرادی طور پر جواب لکھیں چند بچے کلاس میں پیش کریں ٹیچر جائزہ لے۔

Draft

ٹیچر بچوں کو قومی لیڈروں کے نام پر گروہ کرے۔

جیسے : سبھاش چندر بوس، گاندھی جی

بھگت سنگھ ابوالکلام آزاد وغیرہ

بچےّ گروہ میں چرچا کر کے تیار شدہ جواب بہتر بنائیں۔

ہر ایک گروہ کلاس میں پیش کریں ٹیچر جائزہ لے۔

☆ خاص دنوں کی فہرست تیار کرنا

ٹیچر بچوں کو اردو کلینڈر دکھائے اور چند سوال کرے۔

جیسے : آج کون سا دن ہے ؟ کون سا مہینہ ہے ؟

۲۶/ جنووری کی خصوصیت کیا ہے ؟

بچے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے۔

ٹیچر بچوں سے کہے کہ اسی طرح اور کئی خاص دن منائے جاتے ہیں۔ کون کون سا ہے ؟

بچے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے ۔

ٹیچر درسی کتاب کے چند خاص دن چارٹ پر لکھ کر کلاس میں نمائش کرے۔

ان کی خصوصیات پہچان کر لکھنے کی ہدایت کرے

بچے انفرادی طور پر جواب لکھیں۔ چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

☆ ٹیچر بچوں کو کئی مجاہدین آزادی کی تصویریں دکھایے اور سوال کرے۔

جیسے : جھانسی رانی بھگت سنگھ ابوالکلام آزاد

گاندھی جی کیپٹن لکشمی سروجنی نائڈو وغیرہ

تصویر میں کون کون ہیں ؟ بتانے کو کہے۔

Draft

بچے جواب دیں ٹیچر چارٹ کرے۔

ٹیچر مجاہدین آزادی سبھاش چندر باس کے بارے میں لکھ کر کلاس میں نمائش کرے اور چند سوال کرے۔

وہ کون ہے؟ ان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ وہ کہاں پیدا ہوئے؟ وہ کس نام سے مشہور تھے؟ اس کا مشہور نعرہ کیا ہے؟

بچے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے۔

ابوالکلام آزاد، جھانسی رانیاور بھگت سنگھ کی تصویریں دکھائےاور چند سوال کرے۔

وہ کون کون ہیں؟ ان کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟

نام پہچان کران کے بارے میں دو تین جملے لکھنے کی ہدایت کرے۔

کلاس چرچا کے ذریعے بچے انفرادی طور پر جواب لکھیں چند بچے کلاس میں پیش کریں۔

ٹیچر جائزہ لے۔

ان قومی رہنماؤں کے نام گروہ کرے۔

ٹیچر گوشہ ءمطالعہ میں مجاہدینِ آزادی کے متعلق معلومات فراہم کرے۔

بچے گروہ میں گوشہ ءمطالعہ یاانٹرنیٹ کی مدد سےاور بھی معلومات حاصل کرکے چارٹ پر لکھ کر پیش کریں۔

ہر گروہوں کوپڑھنے کاموقع دے۔ ٹیچر جائزہ لے۔

ٹیچر بھی مجاہدینِ آزادی کے بارے میں ایک نوٹ کلاس میں نمائش کرے ہر گروہ اپنی تیار کردہ تخلیق اور بھی بہتر بنا کے 'میری پیاری کتاب' میں لکھے۔ ٹیچر جائزہ لے۔

☆ ٹیچر مختلف ملکوں کے جھنڈے دکھائے (ارجنٹینا، برزیل، فرانس)اور چند سوال کرے۔

Draft

جیسے : کن کن ملک کے جھنڈے ہیں؟

ہمارے ہندوستان کے جھنڈا کون سا ہے؟

ہمارے قومی جھنڈے میں کتنے رنگ ہیں؟اوپر کا رنگ کونسا ہے؟

نیچے کا رنگ کیا ہے؟ بیچ کا رنگ کیا ہے؟

بچّے جواب دیں ٹیچر تختِ سیاہ پر لکھے۔بچے بار بار پڑھیں۔

بچوں کو جھنڈے کے بارے میں ایک نظم ترنّم سے سنائے۔

**جھنڈا گیت**

جھنڈا اونچا رہے ہمارا وجئی وشو ترنگا پیارا
سدا شکتی درسانے والا پریم سدھا برسانے والا
ویروں کو ہرشانے والا مادر بھومی کا تن من سارا
آؤ پیارے ویرو آؤ دیش دھرم پر بلی بلی جاؤ
ایک ساتھ سب مل کے گاؤ پیارا بھارت دیش ہمارا

ہمارے قومی جھنڈے کے بارے میں ایک نوٹ لکھنے کی ہدایت کرے۔

بچے انفرادی طور پر جواب لکھیں چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ٹیچر جائزہ لے۔

بچوں کو رنگوں کے نام پر گروہ کرے۔

جیسے : ہرا، پیلا، سفید، زعفرانی وغیرہ

بچے گروہ میں چرچا کر کے ٹیچر کی مدد سے تیار کردہ نوٹ بہتر بنائیں اور ہر گروہ کلاس میں پیش کرے۔ ٹیچر جائزہ لے۔

ٹیچر بھی جھنڈے کے بارے میں ایک نوٹ کلاس میں نمائش کرے۔

ہر گروہ اپنے تیار کردہ نوٹ اور بھی بہتر بنا کے 'میری پیاری کتاب' میں لکھیے ٹیچر جائزہ لے۔


Draft

## اشارے برائے جائزہ

| مناسب زبان | خیالات کی ترتیب | موضوع سے متعلقہ |
| --- | --- | --- |

☆ ٹیچر تختِ سیاہ پر لفظ 'ہماراوطن' لکھے۔
بچوں سے کہے کہ ان سے تعلق رکھنے والے الفاظ بتائے۔

جیسے:




ٹیچر بچوں سے کہے کہ ان الفاظ کی مدد سے "ہماراوطن" پر چند جملے لکھے
بچے انفرادی طور پر جملے لکھیں چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے
بچوں سے کہے کہ ان جملوں کی مدد سے ایک چھوٹی سی تقریر تیار کرکے اور پیش کرے
بچے انفرادی طور پر تقریر لکھیں چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے
بچوں کو ان الفاظ کے نام پر گروہ کرے

تیار کردہ تقریر گروہ میں چرچا کر کے بہتر بنائیں دوسرے گروہوں کے سامنے پیش کریں ہر گروہ دوسرے گروہ کی تقریر کا جائزہ لے

ٹیچر بھی اسی موضوع پر آداب والقاب کے ساتھ ایک چھوٹی سی تقریر پیش کرے بچے تیار کردہ تقریر اور بھی بہتر بنا کے 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں ٹیچر جائزہ لے

ٹیچر بچوں کو کوئی ایک تقریر کا ویڈیو دکھائے

جس میں آداب والقاب، موضوع، صحیح تلفظ، آواز کی اتار چڑھاؤ، صحیح انداز، خاتمہ وغیرہ ہو

بچوں سے پوچھے تقریر کی خصوصیات کیا کیا ہیں؟

| اشارے برائے جائزہ |
| --- |
| آداب والقاب، موضوع ، صحیح تلفظ ،آواز کی اتار چڑھاؤ، صحیح انداز ، خاتمہ |

چرچا کریں۔ ٹیچر چارٹ کرے۔

ٹیچر بچوں سے صحیح انداز میں تقریر پیش کرنے کو کہے اور جائزہ لے ٹیچر بچوں سے کہے کہ ہندوستان کی تحریک آزادی میں بہت سے مجاہدینِ آزادی نے حصہ لیا ہے ان کی تصویریں جمع کر کے البم تیار کرے۔

☆ بچے گوشہ مطالعہ انٹرنیٹ کی مدد سے مجاہدینِ آزادی کی تصویریں جمع کر کے البم تیار کریں۔اور 'میرا گلشن' میں لگائیں۔

Draft

موڈیول　　　　　　پیارا وطن　　　　　(نظم)

## آموزشی مقاصد

ہر ایک دیس کی اپنی اپنی نشانات اور علامات ہیں۔
ان کی عزّت کرنا ہر ایک فرد کا فرض ہے دیس کے ہر فرد اپنے وطن سے محبت کرنا اور وفاداری نبھانا ضروری ہے۔
ہندوستان سے متعلقہ چھوٹی نظمیں سن کر اور پڑھ کر لطف اندوز ہوتا ہے۔
موضوع سے متعلقہ چھوٹی نظمیں ترنم کے ساتھ پیش کرتا ہے۔
موضوع سے متعلقہ نظمیں سن کر اور پڑھ کر نوٹ تیار کرتا ہے۔
موضوع سے متعلقہ نظمیں سن کر اور پڑھ کر خلاصہ تیار کرتا ہے۔
اشاروں کی مدد سے موضوع سے متعلقہ اشعار تیار کرتا ہے۔
موضوع سے متعلقہ مماثل نظمیں جمع کر کے ترنم کے ساتھ پیش کرتا ہے۔
قومی یک جہتی، حبِّ وطن، پیار و محبت، تہذیب و غیرہ اقدار اور رویوں سے آگاہ ہوتا ہے۔

## تعلیمی سرگرمیاں اور حکمتِ عملیاں

ہندوستان سے متعلقہ چھوٹی نظمیں پڑھ کر اور سن کر پڑھ کر لطف اندوز ہونا۔
موضوع سے متعلقہ چھوٹی نظمیں ترنم کے ساتھ گانا۔
موضوع سے متعلقہ نظمیں سن کر اور پڑھ کر نوٹ تیار کرنا۔
موضوع سے متعلقہ نظمیں سن کر اور پڑھ کر خلاصہ تیار کرنا۔
اشاروں کی مدد سے موضوع سے متعلقہ اشعار تیار کرنا۔



Draft

موضوع سے متعلقہ مماثل نظمیں جمع کرنااور ترنم کے ساتھ پیش کرنا۔

**وسائلِ تعلیم**

نظم کا چارٹ　　　　موڈیول کا چارٹ

آئی سی ٹی، پی پی ٹی　　　　نظم کا ویڈیو

**تخلیقات:**

ترنّم کے ساتھ نظم خوانی　　ندیوں کی فہرست　　　　قومی نشانوں کی فہرست

نظم کا خلاصہ　　　　پرندوں کے نام پر نوٹ　　اشعار کے مجموعے

حبِّ وطن کی مماثل نظمیں

وقت　　۹پریڈ

**پیش کش**

ٹیچر حبِّ وطن کے بارے میں ایک نظم چارٹ پر نمائش کرے اور ترنّم سے سنائے۔
بچوں سے کہے کہ نظم ترنّم سے سنائے ٹیچر بھی ساتھ گائے۔

| | |
|---|---|
| سارے جہاں سے اچھا ہندوستان ہمارا | ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا |
| پربت وہ سب سے اونچا ہمسایہ آسماں کا | وہ سنتری ہمارا، وہ پاسباں ہمارا |
| گودی میں کھیلتی ہیں اس کی ہزاروں ندیاں | گلشن ہے جن کے دم سے رشکِ جناں ہمارا |
| مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا | ہندی ہیں ہم، وطن ہے ہندوستاں ہمارا |

ٹیچر بچوں سے کہے کہ اس طرح حبّ وطن پر لکھی ہوئی اور کوئی نظم سنانے کا موقع دے۔



Draft

چند بچے کلاس میں پیش کریں ٹیچر جائزہ لے۔

ٹیچر نظم 'پیارا وطن' چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے۔ تحت لفظی پڑھ کر سنائے۔

ٹیچر بچوں کو ترنم ڈھونڈ نکالنے کی ہدایت کرے۔

بچے انفرادی طور پر ترنم ڈھونڈ نکالیں۔ چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

بچے گروہ میں مختلف ترنم ڈھونڈ نکالیں۔ ہر ایک گروہ کلاس میں پیش کریں۔

پیش کش کے دوران ٹیچر نظم خوانی کا جائزہ لے۔

| اشارے برائے جائزہ | | | | |
|---|---|---|---|---|
| صحیح لب ولہجہ | ترنّم | طرز و آہنگ | پیش کش کی خوبی | مطلب فہمی |

ٹیچر بھی نظم 'پیارا وطن' ترنم کے ساتھ سنائے اور چند سوال کرے۔

ہمارا ملک کا نام کیا ہے؟ ہندوستان کیسا ہے؟

ہندوستان میں کیا کیا ہیں؟ یہ نظم کس نے لکھی؟

بچے نظم پڑھ کر سوالوں کے جواب دیں۔ چند بچے کلاس میں پیش کریں۔

ٹیچر چارٹ کرے۔

بچے بار بار پڑھیں۔ اور ٹیچر جائزہ لے۔ بچوں کو پرندوں کے نام پر گروہ کرے۔

جیسے: کوئل، توتا، مور

بچے تیار کردہ نوٹ گروہ میں چرچا کر کے بہتر بنائیں ٹیچر مدد کرے ہر ایک گروہ کلاس میں پیش کرے۔

اور 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

☆پرندے اور ندیوں کو پہچاننا

ٹیچر چارٹ پر یہ شعر نمائش کرے اور ترنم سے سنائے۔

وہ باغوں میں کوئل وہ جنگل کے مور　　　وہ گنگا کی لہریں وہ جمنا کا زور

اس شعر میں مشہور ندیوں اور پرندوں کے نام آئے ہیں۔ان کے نام چن کر لکھنے کی ہدایت کرے۔

بچے انفرادی طور پر جواب لکھیں چند بچے کلاس پیش کریں ٹیچر جائزہ لے۔

☆ ٹیچر بچوں کو مور کی تصویر دکھائے اور چند سوال کرے۔

یہ کون سا پرندہ ہے؟

مور کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟

' مور' ہمارا قومی پرندہ ہے اسی طرح اور کئی قومی جانور، پھل، پھول، پیڑ وغیرہ پہچان کر فہرست تیار کرنے کو کہے۔ مور کے بارے میں لکھنے کی ہدایت کرے۔

بچے انفرادی طور پر جواب لکھیں چند بچے کلاس میں پیش کریں ٹیچر جائزہ لے۔

ٹیچر بچوں کو ندیوں کے نام پر گروہ کرے۔

جیسے: گنگا، جمنا، کاویری وغیرہ

بچے گروہ چرچا کے ذریعے تیار کردہ نوٹ بہتر بنائیں اور چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

ٹیچر بھی مور کے بارے میں ایک نوٹ تیار کر کے کلاس میں نمائش کرے ان کی مدد سے بچے اپنے نوٹ اور بھی بہتر بنا کے 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

☆ ٹیچر شعر چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے۔

یہ ہندوستان ہے ہمارا وطن　　　محبت کی آنکھوں کا تارا وطن

چند سوال کرے۔

جیسے: ہماراوطن کانام کیا ہے؟ ہماراوطن کیسا ہے؟

بچّے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے اور پڑھنے کا موقع دے۔

اس کی روشنی میں شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھنے کی ہدایت کرے۔

بچے انفرادی طور پر شعر کا مطلب لکھیں اور چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

ٹیچر دیگر اشعار بچوں کو بانٹ دے۔

اور بچوں سے کہے اسی انداز میں نظم کا خلاصہ لکھے۔

بچے انفرادی طور پر لکھیں اور چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

بچوں کو شاعروں کے نام پر گروہ کرے۔

بچے گروہ میں چرچا کریں ٹیچر کی مدد کرے خلاصہ بہتر بنائیں ہر ایک گروہ کلاس میں پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

ٹیچر بھی نمونے کے طور پر نظم کا خلاصہ لکھ کر کلاس میں نمائش کرے۔

بچے اپنی تخلیق اور بھی بہتر بنا کے 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

یہ ہندوستان کے بارے میں لکھی ہوئی نظم ہے۔ شاعر کہتا ہے ہندوستان ہماراوطن ہے۔ ہماراوطن محبت کی آنکھوں کا تارا ہے۔ وطن دل سے بہت پیارا ہے۔ ہمارے وطن کے باغ میں مختلف پیڑ پودے اور پھل پھول ہیں اس لیے ہماراوطن دل سے بہت پیارا ہے۔

پیڑ ہر وقت ہوا میں جھومتے رہتے ہیں۔ پھول پتے آپس میں جھومتے ہیں دیکھتے ہیں۔

ہماراوطن بہت دل سے پیارا ہے۔ ہمارے وطن کے باغوں میں کوئل میٹھی آواز میں گاتے ہیں۔ جنگل کے مور ہر وقت ناچتا ہے۔ گنگا اور جمنا کی لہریں بہت زور سے بہہ ہی ہیں۔ اس کی

Draft

وجہ سے ہمارا وطن دل سے پیارا ہے۔اسی سے ہماری زندگی کی بہار ابن جاتی ہے اس کو محبت یا ماں کی پیار لگتے ہیں۔ان کی وجہ سے ہمارا وطن ہمیں دل سے پیارا ہے ہوتا ہے۔

☆ہم آواز الفاظ

ٹیچر چند اشعار لکھ کر نمائش کرے۔

پیاری سی تتلی آجا ناچیں — ہم سب مل کر کھیلیں کودیں
کیسی پیاری پیاری سی تو — کیسی نرالی نیاری سی تو
باغ میں ہر سو پھرتی ہے تو — کیسے اڑاں یوں بھرتی ہے تو
اوپر نیچے دائیں بائیں — منڈلاتی ہے سائیں سائیں
نغمہء سرور گائیں آجا — آجا تتلی کھیلیں آجا

ٹیچر بچّوں کو تال کے ساتھ پڑھ کر سنائے۔

بچے بھی ساتھ گائیں۔

ان اشعار میں چند ہم آواز الفاظ آئے ہیں۔چن کر لکھنے کی ہدایت کرے۔

جیسے: کودیں ناچیں

بچے انفرادی طور پر لکھیں چند بچے کلاس میں پیش کریں۔ٹیچر جائزہ لے۔

| | |
|---|---|
| کودیں ناچیں | پیاری نیاری |
| پھرتی بھرتی | دائیں بائیں |
| کھیلیں گائیں | بائیں سائیں |

ٹیچر نظم 'پیارا وطن' ایک بار بھی پڑھنے کی ہدایت کرے۔

اس نظم میں چند ہم آواز الفاظ آئے ہیں چن کر لکھنے کی ہدایت کرے۔

جیسے : تیاریاں پھلواریاں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بہار | پیار | ہمارا | پیارا | تیاریاں | پھلواریاں |
| تارا | پیارا | چومنا | جھومنا | مور | زور |

بچوں سے ان الفاظ کو بار بار پڑھنے کو کہے اور الفاظ کی مدد سے چھوٹی چھوٹی اشعار تیار کرنے کی ہدایت بھی کرے۔

بچے انفرادی طور پر اشعار تیار کریں۔ چند بچے کلاس میں پیش کریں ٹیچر جائزہ لے۔

بچوں کو گروہ بندی کرے۔۔

گروہ میں چرچا کر کے اپنی تخلیق بہتر بنائیں۔ ہر ایک گروہ کلاس میں پیش کرے۔

ٹیچر جائزہ لے۔ ٹیچر بھی اشعار لکھ کر کلاس میں نمائش کرے۔

بچے اپنی تخلیق اور بھی بہتر بنا کے 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

☆ مماثل نظمیں

ٹیچر بچوں کو ایک نظم ترنم کے ساتھ سنائے۔

ٹیچر بچوں سے کہے کہ اسی طرح حبِّ وطن پر لکھی ہوئی کئی نظمیں ہیں۔

مماثل نظمیں جمع کر کے ترنم سے پیش کریں۔

ٹیچر گوشہء مطالعہ میں حبِّ وطن پر لکھی ہوئی مختلف نظمیں فراہم کرے۔

بچے گوشہء مطالعہ کی مدد سے نظمیں جمع کریں اور ترنم سے پیش کریں ٹیچر جائزہ لے۔

Draft